سوال

حصول مقصد کےلئے کیا جانے والا بہترین عمل السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اگر اللہ سے ہر وقت نماز میں اور عبادت میں کچھ مانگا جا رہا ہو، خاص طور کسی انسان کا ساتھ، اور اس میں مشکل آ جائے، تو بندے کو کیا کرنا چاہیے، کیوں کہ وہ اللہ پر بھروسہ رکھتا ہے اور یقین۔ اور اسی سے مانگتا ہے، تو ایسا کونسا عمل ہے جسے کرنے سے وہ انسان اس کی قسمت میں لکھا جائے۔ برائے مہربانی جواب دیں اور میری مدد کریں۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی سے کچھ مانگنے کا بہترین ذریعہ دعا ہے۔ کیونکہ دعا تقدیر کو بھی بدل دیتی ہے۔ اور مشکلات کوٹالنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔ واستعینوا بالصبر والصلاة تم نماز اور صبر کے ذریعے مدد حاصل کرو لہذا اگر آپ کسی انسان کا ساتھ اللہ سے طلب کر رہے ہیں تو کثرت سے نماز پڑھ کر اللہ سے دعائیں کیا کریں۔ کیونکہ رحمت الہی کے ظہور کا یہ بہترین طریقہ ہے۔ پھر بھی اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کی دعائیں قبول نہیں ہو رہی ہیں تو اللہ کی رضا پر صبر وشکر کا رویہ اختیار کریں۔ یاد رکھیں کہ قبولیت دعا کی تین صورتیں ہیں: ۱۔ اللہ تعالی مانگی ہوئی دعا کو بعینہ پورا کر دے ۲۔ یا اس دعا کے بدلے میں کوئی بلا ٹال دے ۳۔ یا اس کو ذخیرہ آخرت بنا دے، اور یہ قبولیت دعا کی سب سے بہترین صورت ہے۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی